www.PapaCambridge.com

UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education Advanced Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **October/November 2009**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You may take unannotated set texts into the examination.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جا سکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔
اپنے جواب **اردو** میں لکھیں۔
آپ کا ہر جواب **500** سے **600** الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔
اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔
امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.


© UCLES 2009

UNIVERSITY *of* CAMBRIDGE
International Examinations

**[Turn over**

## Section 1
## پہلا حصّہ

**1** *Ghazlein*

www.PapaCambridge.com

### ا۔منتخب غزلیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

چپکے چپکے رات دن آنسو بہانا یاد ہے
ہم کو اب تک عاشقی کا وہ زمانہ یاد ہے
غیر کی نظروں سے بچ کر سب کی مرضی کے خلاف
وہ ترا چوری چھپے راتوں کو آنا یاد ہے
آ گیا گر وصل کی شب بھی کہیں ذکرِ فراق
وہ ترا رو رو کے مجھ کو بھی رُلانا یاد ہے
دوپہر کی دھوپ میں میرے بلانے کے لیے
وہ ترا کوٹھے پہ ننگے پاؤں آنا یاد ہے
باوجودِ ادّعائے اِتّقا حسرتؔ مجھے
آج تک عہدِ ہوس کا وہ فسانہ یاد ہے

**(i)** یہ غزل پڑھنے کے بعد آپ کے ذہن میں شاعر کے ماضی کا کیا نقشہ ابھرتا ہے؟

**(ii)** حسرتؔ کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ وہ خالص انسانی اور مجازی عشق کے قائل ہیں۔مندرجہ بالا غزل کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) ''میرؔ نے اپنی غزلوں میں خود ہمارے دل کی باتیں ہم کو بتائی ہیں''۔آپ اس بیان سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟

[25]

**2** *Nazmein*

www.PapaCambridge.com

## ب نظمیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

کھول آنکھ، زمیں دیکھ، فلک دیکھ، فضا دیکھ !
مشرق سے ابھرتے ہوئے سورج کو ذرا دیکھ!
اس جلوۂ بے پردہ کو پردوں میں چھپا دیکھ!
ایّامِ جدائی کے ستم دیکھ ، جفا دیکھ!
بے تاب نہ ہو ، معرکۂ بیم و رجا دیکھ !
ہیں تیرے تصرّف میں یہ بادل ، یہ گھٹائیں
یہ گنبدِ افلاک ، یہ خاموش فضائیں
یہ کوہ ، یہ صحرا ، یہ سمندر ، یہ ہوائیں
تھیں پیشِ نظر کل تو فرشتوں کی ادائیں
آئینۂ ایّام میں آج اپنی ادا دیکھ !

(i) نظم ''روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے'' کا مرکزی خیال لکھیے۔

(ii) مندرجہ بالا نظم کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے یہ بتائیے کہ اقبالؔ اپنی شاعری میں جدوجہد اور عملی زندگی کا پیغام دینے میں کس حد تک کامیاب ہوئے ہیں؟

یا

(ب) '' نظیرؔ اکبرآبادی کی شاعری میں معاشرتی اصلاح پر زور دیا گیا ہے''۔ نصاب میں شامل نظموں کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

[25]

www.PapaCambridge.com

## Section 2
دوسرا حصّہ

**3** *Afsané*

### ۳۔ اردو کے تیرہ افسانے

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

یوں تو میں اپنے کوٹ کے لیے کپڑا خریدنا گناہ خیال کرتا تھا، مگر شمی کی آنکھیں ۔۔۔ ان آنکھوں کو تکلیف سے بچانے کے لیے میں منگل سنگھ تو کیا تمام دنیا سے جنگ کرنے پر آمادہ ہو جاؤں، ورسٹڈ کے تھانوں کے تھان خرید لوں۔ نئے گرم کوٹ کے لیے کپڑا خریدنے کا خیال دل میں پیدا ہوا ہی تھا کہ پشپا منی بھاگتی ہوئی کہیں سے آ گئی۔ آتے ہی برآمدے میں ناچنے اور گانے لگی۔ اس کی حرکات کتھا کلی مدرا سے زیادہ کیف انگیز تھیں۔

**(i)** ’’ یوں تو میں اپنے کوٹ کے لیے کپڑا خریدنا گناہ خیال کرتا تھا‘‘۔ اس جملے کی کہانی میں کیا اہمیت ہے؟

**(ii)** واقعات کے حوالے سے شمی کے کردار پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) ’’منٹو کے سبھی کردار ہمارے سامنے جیتے جاگتے اور زندگی بسر کرتے نظر آتے ہیں‘‘۔ بحث کیجیے۔

[25]

www.PapaCambridge.com

**4** *Umrao Jan Ada*, Mirza Ruswa

**۴۔ امراؤ جان ادا، مرزا رسوا**

(الف) امراؤ جان ادا میں جس قسم کے معاشرے کی عکاسی کی گئی ہے اس کا آج کل کے معاشرے سے موازنہ کیجیے۔

یا

(ب) '' لکھنؤ میں عورت کی غیر معمولی اہمیت کا ذکر رسوا نے امراؤ جان ادا میں بڑی خوبی سے کیا ہے'' بحث کیجیے۔ [25]

**5** *Aangan*, Khadijah Mastoor

**۵۔ آنگن، خدیجہ مستور**

(الف) بڑے چچا کے کردار کے مثبت اور منفی پہلوؤں کا جائزہ لیجیے۔

یا

(ب) کیا آنگن کو ایک سیاسی ناول سمجھنا مناسب ہے؟ [25]

**6** *Anar Kali*, Imtiaz Ali Taj

**۶۔ انارکلی، امتیاز علی تاج**

(الف) '' انارکلی میں سلیم کی دلچسپی محض حسن پرستی اور وقتی دل لگی تھی''۔ سلیم کے کردار کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) اکبر اعظم ڈرامہ انارکلی کا سب سے کمزور کردار ہے یا سب سے جاندار کردار ہے؟ بحث کیجیے۔ [25]

BLANK PAGE

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of